نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت محکمہ زراعت و لائیو سٹاک کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں مشترکہ اجلاس

متاثرینِ سیلاب کے جانوروں کے لیے روزانہ کی بنیاد پر سبز چارہ، توڑی اور سائیلج کا انتظام کیا جا رہا ہے۔

وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:04 ستمبر 2025: وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت محکمہ زراعت و لائیو سٹاک پنجاب کا مشترکہ اجلاس ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقد ہوا جس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خاں لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور سیکرٹری لائیو سٹاک احمد عزیز تارڑ اور ڈائریکٹر جنرلز زراعت و لائیو سٹاک نے شرکت کی جبکہ تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت و لائیو سٹاک پنجاب بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔ اجلاس میں متاثرین سیلاب کے جانوروں کے چارے، ویکسین اور ونڈا وغیرہ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ محکمہ زراعت و لائیو سٹاک کی ٹیمیں فلڈ ریلیف آپریشنز میں سرگرم عمل ہیں اور ریسکیو و ریلیف آپریشنز میں ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کے 1200 افسران و عملہ سیلاب زدہ علاقوں میں فرائض انجام دے رہے ہیں جبکہ متاثرینِ سیلاب کے جانوروں کے لیے روزانہ کی بنیاد پر سبز چارہ، توڑی اور سائیلج کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک نے مزید کہا کہ محکمہ لائیو سٹاک کے 3178 افسران و عملہ فلڈ ریلیف کارروائیوں میں مصروف عمل ہیں۔ اب تک متاثرین سیلاب کے مویشیوں کو 48 ہزار 350 بیگز ونڈا فراہم کیا جا چکا ہے، 87 ہزار 258 جانوروں کی ویکسینیشن ہو چکی ہے جبکہ 29 ہزار 485 مویشیوں کو علاج معالجے کی سہولت دی جا چکی ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سائیلج تیار کرنے والی کمپنیوں سے وافر مقدار میں سائیلج کی فراہمی کے لیے فوری مذاکرات کیے جائیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بتایا کہ زراعت کے سرکاری فارمز پر 300 ایکڑ رقبہ چارہ سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لیے وقف کر دیا گیا ہے اور محکمہ زراعت کے 14 بلڈوزرز بھی فلڈ ریلیف و ریسکیو آپریشنز کے لیے ضلعی انتظامیہ کے سپرد کر دیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆